### سوال

منگنی کرنے کا حکم

### جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا منگنی کرنا جائز ہے۔؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر منگنی سے مراد پیغام نکاح بھیج کر کسی عورت سے مستقبل میں نکاح کی بات طے کرنا ہے تو یہ جائز ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔

بقرة235

گناہ نہیں کہ تم اشارۃً کنایتۃً ان عورتوں سے نکاح کی بابت کہو، یا اپنے دل میں پوشیدہ ارادہ کرو، اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ تم ضرور ان کو یاد کرو گے، لیکن تم ان سے پوشیدہ وعدے نہ کرلو ہاں یہ اور بات ہے کہ تم بھلی بات بولا کرو اور عقد نکاح جب تک کہ عدت ختم نہ ہو جائے پختہ نہ کرو، جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ کو تمہ

منگنی کے رسوم ورواج یا اسے بطور رسم کے منانے میں تفصیل ہے۔

ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## محدث فتوی

### فتوی کمیٹی